رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالیہ سال دوم　　پرچہ: چھٹا　　مضمون: الدعوۃ والارشاد

تاریخ: 19-02-2024　　دن: پیر　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: "علم الدعوۃ" کی تعریف سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 2: "الدَّعْوَۃُ" کا مفہوم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: متبعین کے اوصاف میں سے کوئی سے تین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: بالواسطہ عبادت کے مفہوم کو "اصول الدعوۃ والارشاد" کتاب کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: اصحاب صفہ کن کو کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 6: خطبۃ الوداع کی روشنی میں امت محمدیہ کی ذمہ داریاں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ سب سے پہلے مجدد ہیں، ان کی تجدید دین کی تین خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ چھٹی صدی کے مجدد ہیں، ان کی تجدید دین کی خصوصیت کو مختصرا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کا حفاظت دین میں کردار تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: موضوع کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: موضوع منتخب کرنے کے دو خارجی ذرائع بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: تصنیف کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 13: معلّمین قرآن کی تنخواہ کا سلسلہ کس کے عہد میں شروع ہوا اور کیوں ہوا؟

سوال نمبر 14: کس جنگ میں سب سے زیادہ حفاظ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شہید ہوئے؟

سوال نمبر 15: اصلاحی بیان کسے کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 16: حفظ شدہ بیان کرنے کے تین طریقے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: ارتجالی بیان کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 18: درس قرآن کے تین مقاصد بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: تعمیری موضوع سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: فطری عیوب سے کیا مراد ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: معاندین کے اوصاف ومزاج کے تینوں نکات پر مختصرا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: عقیدہ آخرت کے عقلی و نقلی دلائل سپرد قلم کیجئے جو کہ 10 لائن سے زیادہ نہ ہوں۔

سوال نمبر 3: امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کی تجدیدی خدمات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: انتخاب موضوع کے خارجی ذرائع بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: مبلغ کے لیے قابل مشق 5 چیزوں کا خلاصہ تحریر کیجئے۔